PR IX (01)15 رول نمبر (ہندسوں میں)..........

سپرنٹنڈنٹ دستخط/مہر

(نشان انگوٹھا)..........

طبیعات

9th(Fresh)

فرضی نمبر..........
(بورڈ دفتر میں استعمال کیلئے)

طبیعات

9th(Fresh)

فرضی نمبر..........
(بورڈ دفتر میں استعمال کیلئے)

کل وقت: تین گھنٹے کل نمبر:۷۵

نوٹ: اس پرچے کے کل تین حصے ہیں سیکشن (الف)، (ب) اور (ج) دیئے گئے ہدایات کو غور سے پڑھیں اور اس کے مطابق ہر ایک سیکشن کو حل کریں۔

"حصہ الف کے جوابات اسی پرچے پر دیئے جائیں اور مقررہ 20 منٹ کا وقت ختم ہونے پر سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے پر نمبر نہیں ملیں گے۔ شناختی علامات "غیر قانونی ذرائع کا استعمال" تصور ہوگا۔ امتحانی ہال میں موبائل فون لانا منع ہے۔"

وقت: ۱۵ منٹ سیکشن (الف) نمبر: ۱۲

سوال نمبر-I مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جوابات کا انتخاب کریں اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانے میں لکھیں۔

(۱) ان میں سے کونسی چیز حرارت کیلئے بہترین موصل ہے؟

(الف) تانبہ (ب) لکڑی (ج) پلاسٹک (د) ان میں کوئی نہیں

(۲) طولی اور حجمی پھیلاؤ کی شرح میں تعلق یہ ہے۔

(الف) =2a (ب) =3a (ج) =4a (د) ان میں کوئی نہیں

(۳) خلاف گھڑی اور ٹارک کو کہا جاتا ہے۔

(الف) منفی (ب) مثبت (ج) متوازی (د) صفر

(۴) سٹریس کی اکائی ہے..........

(الف) Nm (ب) Nm2 (ج) Nm-2 (د) J

(۵) 32oF مساوی ہے۔

(الف) 0^oC (ب) 32^oC (ج) 100^oC (د) 305^oC

(۶) ایک لڑکی نے 33 کلوگرام کمیت کو رسی کے ذریعے سہارا دیا ہوا ہے کمیت پر عامل قوت کتنی ہوگی؟

(الف) 330N (ب) 0N (ج) 20N (د) 200N

(۷) سابقہ مائیکرو سے مراد ہے..........

(الف) 10^{-3} (ب) 10^{-9} (ج) 10^{-6} (د) 10^{+6}

(۸) ایک مشین 200 کلوگرام کمیت والی اینٹوں کو 30 میٹر کی بلندی تک 50 سیکنڈ میں لے جاتی ہے مشین کی پاور کتنی ہوگی۔ ($g = 10ms^{-2}$)

(الف) 1200 w (ب) 60000 w (ج) 3000 w (د) 600 w

(۹) بیرومیٹر..........کے ناپنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

(الف) حرارت (ب) بخارات کے دباؤ (ج) عام دباؤ (د) کرہ ہوائی کا دباؤ

(۱۰) مرکز مائل اسراع کی قیمت=..........

(الف) V^2/r (ب) V^2r (ج) V/r^2 (د) Vxr^2

(۱۱) جسم کے دوران اصل طے کردہ راستے کی لمبائی اس کا طے کردہ..........کہلاتا ہے۔

(الف) مقام (ب) ہٹاؤ (ج) فاصلہ (د) الف اور ب

(۱۲) SI نظام میں تجاذبی مستقل "G" کی قیمت ہے۔

(الف) $6.6x10^{-11}$ Nkg^{-2} (ب) 9.8 ms^{-2} (ج) 8.9 ms^{-2} (د) ان میں کوئی نہیں

PR IX (01)15

طبیعات

9th(Fresh)

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے 2 گھنٹے اور 45 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب) نمبر: ۳۲

سوال-II درج ذیل میں سے آٹھ (8) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں ہر جز کے چار نمبر ہیں۔

(۱) بنیادی طبعی اور ماخذ طبعی مقداروں کے درمیان فرق واضح کریں۔

(۲) سکیلر اور ویکٹر مقداروں کی تعریف کریں۔

(۳) مرکز مائل قوت کیا ہے؟ دائرے میں حرکت کی تین مثالیں دیں۔

(۴) آپ بے قاعدہ شکل کا مرکز ثقل کس طرح معلوم کریں گے۔

(۵) نیوٹن کا کائناتی تجاذب کا قانون بیان کریں۔ اور اس کی تشریح کریں۔

(۶) ایک 30 گرام گولی 1500 میٹر فی سیکنڈ کی ولاسٹی سے حرکت کر رہی ہے اس کی حرکی توانائی معلوم کریں؟

(۷) پاسکل کا قانون بیان کیجئے نیز اس قانون کی وضاحت کریں؟

(۸) تجاذبی کشش اور کشش ثقل میں کیا فرق ہے؟

(۹) زمین سمندر کے پانی کی بہ نسبت جلد یا دیر سے ٹھنڈی کیوں ہوتی ہے وضاحت کریں؟

(۱۰) ایک گرام کمیت کو مکمل طور پر توانائی میں تبدیل کرنے سے کتنی توانائی پیدا ہوگی؟

(۱۱) تھرماس سے حرارت کا اخراج کیسے کم ہوتا ہے؟

سیکشن (ج) نمبر: ۲۱

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال-III (الف) رگڑ کی تعریف کریں نیز اس کے فوائد اور نقصانات بھی لکھیں؟

(ب) ایک ٹرک جو کہ $20ms^{-1}$ فی سیکنڈ کی رفتار سے حرکت کر رہا ہے $3ms^{-2}$ کی یکساں شرح سے آہستہ ہونا شروع کرتا ہے پہلے یہ کتنا فاصلہ طے کریگا۔

سوال نمبر-IV (الف) مثال کے ذریعے ویکٹر کے مستطیلی اجزاء کی وضاحت کریں۔

(ب) زمین کی کمیت $6x10^{24}$ کلوگرام ہے نیوٹن کے قانون کی مدد سے زمین کا رداس معلوم کیجئے؟

سوال نمبر-V (الف) اشعاع حرارت پر تفصیلی نوٹ لکھیئے اور اس کے کوئی سے تین استعمال بھی تحریر کریں۔

(ب) 0.5 کلوگرام پانی کا درجہ حرارت 10^o سینٹی گریڈ سے 65^o سنٹی گریڈ تک بڑھانے کیلئے کتنی حرارت درکار ہوگی؟

www.ilmkidunya.com